سوال

(45) حالت احرام میں عورت کے لیے برقعہ اور نقاب پہننے کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حالت احرام میں عورت کے لیے برقعہ اور نقاب پہننے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جہاں تک برقعہ کا تعلق ہے توچونکہ آپ ﷺ نے عورت کو حالت احرام میں نقاب پہننے سے منع فرمایا ہے([1]) اس لئے برقعہ پہننے بدرجہ اولیٰ منع ہوگا۔ اس لئے (اس کے لئے برقعہ و نقاب کا استعمال توجائزنہ ہوگا) اگراس کے اردگرداجنبی مرد موجود ہوں تواوڑھنی سے اپنے پورے چہرے کوچھپائے گی اوراگراس کے پاس اجنبی مرد نہ ہوں تواپنا چہرہ کھولے رہے گی۔ یہی طریقہ بہتر اورسنت ہے۔

---

(19) البخاری: 1838۔ الحج باب ما ینھی من الطیب للمحرم والمحرمة۔

فتاوی مکیہ

صفحہ 32

محدث فتویٰ